औरत

عورت

اداکاران

پدمنی - پیران

راجیش کھنہ - للتا پوار

قیمت دس نئے پیسے

زمن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

ناری جیون جھولے کی طرح

عورت فلم کے

گانے

گانا نمبر ۱

یہ کون ہے جس کے آنے سے
سورج کی کرن شرمائی ہے
یہ کس کے بدن کے شعلوں نے
پانی میں آگ لگائی ہے
یہ کون ہے جس کے آنے سے
یہ ٹھنڈی پون لہرائی ہے
یہ کس کے مچلتے کنگنوں نے
موجوں کو تڑپ سکھلائی ہے
یہ کس کی نشیلی زلفوں کی
پرچھائیں پڑی ہے لہروں پر
آکاش میں اک بادل بھی نہیں
دریا میں گھٹا گھر آئی ہے
یہ کون کھڑا ہے موجوں میں
طوفان لئے ارمانوں کا
ہے لاج سے دل پانی پانی
یہ کس سے نظر ٹکرائی ہے

گانا نمبر ۲:۔ میری گاڑی اُڑن کھٹولا

میری گاڑی اُڑن کھٹولا
کوئی کہے راجا کا رتھ
کوئی کہے دُلہن کا ڈولا
اس دُنیا میں کوئی مُسافر
پیچھے کیوں رہ جائے
دہی نصیبوں والا ہے
جو پیار کی منزل پائے
دِل ہی کے شیشے نے
ہمیشہ بھیدِ پیار کا کھولا
اس دُنیا میں چور بہت ہیں
کچھ ہیں بڑے کچھ چھوٹے
جینٹلمین سے پھرتے ہیں
کام کرتے ہیں کھوٹے
اُن کا جیون جھوٹ پہ چلتا
سچ کبھی نہ بولا

گانا نمبر ۳:۔ سوجا میری لاڈلی
کاہے نیند یا کھوئے
بچپن بیت گیا تو عورت
جیون بھر نہ سوئے
ساری جیون جھولے کی طرح

اِس پار کبھی اُس پار کبھی
ہونٹوں پہ مدھر مسکان کبھی
آنکھوں میں انسوؤں دھار کبھی
دیئے کی طرح خود جلتی ہے
دُنیا کو اُجالا دیتی ہے
سُکھ میں نہ کبھی ابھیمان کرے
مانے نہیں دُکھ سے ہار کبھی
یہی سیتا تھی یہی میراں تھی
یہی رانی تھی تھی جھانسی کی
کبھی پھول چڑھائے بھگتی کے
اور ہاتھ میں لی تلوار کبھی
کتنے سُکھ دیتی ہے جگ کو
ماں بیٹی بہن پتنی بن کر
ہے کتنا کٹھن جیون اس کا
سمجھا نہ اسے سنسار کبھی

گانا نمبر ۲:۔ نندیا کی نگری سے پریاں
لائی سپنوں کا ڈولا
تاروں کی انکھیاں جھپکی
جب چندا نے گھونگھٹ کھولا
سانجھ ہی بیلا چھائی جگ میں
سویا ہے سارا سنسار

تو بھی کرلے بند وہ پیاری
منی اب انکھین کے دوار
کب تک آؤں جب تک سوتا جائے
میری ننھی گڑیا
دھیرے دھیرے مت کر دھڑکو
ہے اتنی بھی بے چینی کیا

گانا نمبر ۵:۔ ہمیں تم سے محبت ہے
مگر ہم کہہ نہیں سکتے
زباں پر اِک حقیقت ہے
مگر ہم کہہ نہیں سکتے
کبھی حسرت کبھی ارمان
کبھی دھڑکن کبھی اُلجھن
عجب اس دِل کی حالت ہے
مگر ہم کہہ نہیں سکتے
ہمارا حالِ دِل سننے کو
تم بے چین بیٹھے ہو
ہمیں کہنے کی فرصت ہے
مگر ہم کہہ نہیں سکتے

گانا نمبر ۶:۔ شعلہ اُلفت کا بھڑکا کے میرے
دِل میں آگ لگا کے
نا فرمایئے

ہم تو کب سے ہو گئے تمہارے
چُپ ہیں مجھے لاج شرم کے مارے
جی فرمائیے
دیوانہ آ گیا راہوں میں آپ کی
جینے کا شوق ہے باہوں میں آپ کی
دِن ہیں بہار کے
موسم ہے پیار کا
کیئے اِرادہ کیا ہے
آخر سرکار کا
اُلفت کا بوجھ یُوں دِل پر نہ ڈالیے
ظالم شباب ہے خود کو سنبھالیے
سب کچھ یہ پیار کی مستی کا جوش ہے
نظروں میں آپ ہیں
پھر کس کو ہوش ہے
ختم شُد

ایلو پیتھنک میٹریا میڈیکا

اس میں ایلوپیتھک ڈاکٹری کے متعلق ہر ایک دوائی کے بنانے کا ڈھنگ۔ اس کے فائدے وغیرہ کا پُورا حال دیا گیا ہے۔
قیمت صرف -/۳ علاوہ ڈاک خرچ
رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

عملیات تسخیر محبوب عرف ہمدرد عشاق

اگر آپ کسی زہرہ جمال حسینہ کی زلف گرہ گیر میں اسیر ہو چکے ہیں۔ اور مطلب براری کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ خوشامد کرتے کرتے اور جھڑکیاں سہتے سہتے عاجز آ گئے ہیں۔ تو آپ آج ہی اس نادر روزگار کتاب کو منگوا کر اس میں درج کئے ہوئے اصولوں پر عمل کر کے کامیابی حاصل کر لیجئے۔ اب تک اس کتاب کی [illegible] کاپیاں فروخت ہو چکی ہیں۔ اور ہزارہا حاجتمند اس سے فائدہ اٹھا چکے ہیں۔ آپ بھی منگا کر فائدہ اٹھائیے۔ قیمت صرف ۱/- علاوہ ڈاک خرچ

عملیات تسخیر قلوب

اس کتاب میں بتائے ہوئے [illegible] پر عمل کر کے عورت و مرد کے دل کو اپنی مٹھی میں کرنا بالکل معمولی بات ہے۔ گرہستی زندگی کو پر مسرت بنانا بالکل سہل ہو گا۔ جو لوگ عورتوں کی زبان درازی سے تنگ آ گئے ہیں۔ وہ اس کتاب کو پڑھیں اور دیکھیں کہ ان کی روٹھی ہوئی بیویاں اور پرواہ نہ کرنے والے دل کس طرح خود بخود ان کی طرف کھنچے چلے آتے ہیں۔

قیمت صرف -/3/- علاوہ ڈاک خرچ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی